**08.12.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آ کاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............................................کلیم احمد

**Music**

-------------------------------------------------------

☆ شام کے صدر بشارلاسد کے ملک سے باہر کسی نامعلوم مقام پر چلے جانے کی میڈیا اطلاعات کے تناظر میں شام کی باغی فورسز نے راجدھانی دمشق کا کنٹرول اپنے ہاتھ میں لینے کا دعویٰ کیا ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے جودھپور میں BSF کے 60ویں یومِ تاسیس کی تقریب میں شرکت کی اور سرحدوں کو تحفظ فراہم کرنے نیز دراندازی ، جعلی کرنسی اور بائیں بازو کی انتہاپسندی کی روک تھام میں BSF کے رول کو سراہا۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر بحرین میں Manama مذاکرات میں شرکت کرنے والے ہیں۔

☆ اتراکھنڈ میں موسمِ سرما کی چار دھام یاترا شروع ہوگئی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، Adelaide Oval میں بارڈر گواسکر ٹرافی کے دوسرے ٹسٹ میچ میں آسٹریلیا نے بھارت کو 10 وکٹ سے ہراکر پانچ میچوں کی سیریز میں ایک-ایک سے برابری حاصل کرلی ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**SYRIA PREZ FLEW**

شام کی باغی فورسز نے ہفتے بھر کے شدید حملے کے بعد آج راجدھانی دمشق کا کنٹرول اپنے ہاتھ میں لینے کا دعویٰ کیا ہے، جبکہ انہیں سرکاری افواج کی طرف سے کسی طرح کی مزاحمت کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ اِدھر میڈیا اطلاعات میں کہا گیا ہے کہ شام کے صدر بشارالاسد 24 سال تک ملک پر راج کرنے کے بعد ملک سے چلے گئے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ صدر اسد کسی نامعلوم مقام پر جانے کیلئے ایک طیارے میں سوار ہوئے۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق شام کے وزیر اعظم محمد غازی الجلالی نے کہا ہے کہ وہ پُرامن طریقے سے سرکار کی باگ دوڑ اپوزیشن فورسز کے حوالے کرنے کیلئے تیار ہیں۔

شام کے باغیوں نے اسد سرکار کے گرنے کا اعلان کیا اور دمشق پر کنٹرول حاصل کرنے کا دعویٰ کرنے کے بعد شام کیلئے ایک نئے دور کے آغاز کا اعلان کیا۔ بیرونِ ملک شام کے بڑے اپوزیشن گروپ کے سربراہ Hadi al-Bahra نے پرائیویٹ میڈیا کو بتایا کہ وہ ملک کیلئے اگلے مرحلے پر اتفاقِ رائے کی خاطر عرب اور یوروپی ملکوں نیز اقوامِ متحدہ کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔ برطانیہ میں قائم انسانی حقوق کے علمبردار شام کے ادارے نے کہا ہے کہ شام کی فوج اور سکیورٹی دستے دمشق بین الاقوامی ہوائی اڈے سے واپس چلے گئے ہیں۔ میڈیا اطلاعات میں کہا گیا ہے کہ باغیوں نے یہ اعلان بھی کیا ہے کہ انہوں نے دمشق کے شمال میں واقع Saydnaya ملٹری جیل سے قیدیوں کو چھڑا لیا ہے۔ **x**

## BSF-RAISING DAY

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج راجستھان کے جودھپور میں سرحدی حفاظتی فورس BSF کے 60ویں یومِ تاسیس کی تقریب میں شرکت کی۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، جناب امت شاہ نے ملک کے دفاع میں پیش پیش رہتے ہوئے، BSF کی چھ دہائیوں سے جاری خدمات کو سراہا۔ انہوں نے فورس کی دلیری ، بہادری اور قربانیوں کو اجاگر کیا۔ جناب امت شاہ نے 1965 کے بعد سے مشرقی اور مغربی دونوں سرحدوں کو تحفظ فراہم کرنے میں BSF کے اہم رول کو تسلیم کیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ BSF کے بغیر ملک کی سکیورٹی ضروریات کی تکمیل نہیں ہوسکتی، جو شروع میں 25 بٹالین سے لے کر موجودہ سطح تک پہنچ گئی ہے۔

جناب امت شاہ نے کہا کہ سرحدی سکیورٹی کے ساتھ ساتھ BSF نے مختلف اہم رول ادا کئے ہیں، جن میں دراندازی، جعلی کرنسی اور بائیں بازو کی انتہا پسندی کی روک تھام شامل ہے۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ ملک کی سرحدی سکیورٹی پالیسی برسوں تک غیرواضح رہی تھی لیکن وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں نمایاں تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مودی سرکار نے ہر سال مخصوص بجٹ بندوبست کے ساتھ سرحدی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی ہے۔ اِس سے قبل وزیر داخلہ نے پریڈ کا معائنہ کیا اور BSF اہلکاروں کو، اُن کی گرانقدر خدمات کے صلے میں بہادری کے ایوارڈس اور پولیس سروس میڈلس سے سرفراز کیا۔ **x**

## PM-RAJASTHAN AND HARYANA

وزیرِ اعظم نریندر مودی کل راجستھان اور ہریانہ کا دورہ کریں گے۔ جناب مودی راجستھان کے اپنے دورے میں جے پور میں ''درخشاں راجستھان عالمی سربراہ کانفرنس'' کا افتتاح کریں گے اور خطاب کریں گے۔ دوپہر کو وزیر اعظم پانی پت میں ''بیمہ سَکھی یوجنا'' کا آغاز کریں گے۔ یہ اسکیم 18 سے لے کر 70 سال تک کی عمر کی ، اُن خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے تیار کی گئی ہے، جو میٹرک پاس کرچکی ہیں۔

اِس پروگرام کے دوران وزیر اعظم کرنال میں مہارانا پرتاپ باغبانی یونیورسٹی کے بڑے کیمپس کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔ مذکورہ یونیورسٹی میں گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ مطالعات سے متعلق ایک باغبانی کالج ہوگا اور باغبانی سے متعلق 10 شعبوں کا احاطہ کرتے ہوئے پانچ اسکول بھی ہوں گے۔ x

**JAISHANKAR-MANAMA**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر Manama مذاکرات میں شرکت کیلئے بحرین کی راجدھانی منامہ پہنچ گئے ہیں۔ بحرین کے وزیر خارجہ عبدالطیف بن راشد اَل Zayani نے ڈاکٹر جے شنکر کا خیرمقدم کیا۔ منامہ مذاکرات دہشت گردی سے مقابلہ کرنے کی حکمتِ عملی سے لے کر علاقائی تنازعات کے سفارتی حل تک پیچیدہ سکیورٹی معاملات پر توجہ دینے کا ایک اہم پلیٹ فارم بن گیا ہے۔ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں ڈاکٹر جے شنکر نے قطر کی راجدھانی دوحہ میں کئی اہم سفارتی میٹنگوں میں حصہ لیا اور علاقائی اور عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کے بھارت کے سرگرم موقف کو اجاگر کیا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے قطر کے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمٰن بن جاسم الثانی کے ساتھ بات چیت کی۔ اِس میں باہمی تعلقات کے مختلف پہلو اور غزہ اور شام میں جاری بحران سمیت اہم علاقائی امور زیرِ غور آئے۔ انہوں نے قطر کے کامرس اور صنعتوں کے وزیر شیخ فیصل کے ساتھ بھی میٹنگ کی، جس میں اقتصادی رابطوں کو مستحکم بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اِس کے علاوہ، ڈاکٹر جے شنکر نے عالمی اقتصادی فورم کے صدر اور سائپرس کے وزیر خارجہ کے ساتھ بھی ملاقات کی، جس میں عالمی اقتصادی چیلنجوں اور بحرِ روم کے اطراف واقع ملکوں کے حالات و واقعات پر تبادلہٗ خیال کیا گیا۔

دوحہ میں ایک پینل مباحثے میں حصہ لیتے ہوئے، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ امریکی ڈالر کے مقابلے ایک نئی کرنسی شروع کرنے کی کوئی تجویز نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ BRICS ملکوں کا امریکی ڈالر کو کمزور کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ اِس سے قبل امریکہ کے منتخب صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے یہ کہا تھا کہ اگر BRICS ملکوں نے ایک مشترکہ کرنسی کے سلسلے میں کوئی قدم اٹھایا تو وہ 100 فیصد محصول عائد کردیں گے۔ x

**UTTARAKHAND-DHARDHAM YATRA**

موسمِ سرما کی چار دھام یاترا آج سے اتراکھنڈ میں شروع ہوگئی ہے۔ ریاست کے وزیرِ اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے Ukhimath ، رُودر پریاگ ضلعے میں اوم کاریشور مندر میں باضابطہ طور پر یاترا کا افتتاح کیا، جہاں موسم سرما کے مہینوں کے دوران بھگوان کیدار ناتھ کی مورتی براجمان ہوتی ہے۔ اِس موقع پر وزیر اعلیٰ نے موسمِ سرما کی چار دھام یاترا پر آنے والے عقیدتمندوں کیلئے سہولیات میں اضافے کیلئے سرکار کے عہد پر زور دیا۔

اِس کے علاوہ، کل شام رُودر پریاگ میں منعقدہ ایک پروگرام میں جناب پُشکر سنگھ دھامی نے یہ اعلان کیا کہ ریاستی

سرکار موسمِ سرما کی چار دھام یاترا کو بڑھاوا دینے کیلئے متعلقہ عہدیداروں کیلئے رہنما اصول جاری کررہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یاترا میں سہولت کیلئے جامع انتظامات کئے جارہے ہیں۔x

**IMD WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے نے آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں رات اور صبح کے اوقات کے دوران گہرا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اِدھر پنجاب ، ہریانہ ، چنڈی گڑھ ، جھارکھنڈ ، سکم اور مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے میں بھی کل تک اِسی طرح کی کیفیت رہنے کا امکان ہے۔ اِس کے علاوہ، پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں اگلے دو دن کے دوران کہیں کہیں ہلکی بارش ہونے کی بھی پیشگوئی کی گئی ہے۔ x

**CRICKET**

Adelaide Oval میں بارڈر گواسکر ٹرافی کے دوسرے ٹسٹ میچ میں آسٹریلیا نے بھارت کو 10 وکٹ سے ہرا دیا ہے۔ اِس طرح آسٹریلیا نے پانچ ٹسٹ میچوں کی سیریز میں ایک - ایک سے برابری حاصل کرلی ہے۔

آج کھیل کے تیسرے دن آسٹریلیا نے محض 19 رَن کا نشانہ بغیر کسی نقصان کے حاصل کرلیا ۔ اِس سے پہلے بھارت کی پوری ٹیم دوسری اننگز میں صرف 175 رَن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ بھارت نے آج صبح پانچ وکٹ پر 128 رَن سے آگے کھیلنا شروع کیا اور 47 رَن کے اضافے کے ساتھ اُس کے باقی پانچ کھلاڑی بھی آؤٹ ہوگئے۔

بھارت کی طرف سے نتیش کمار ریڈی نے سب سے زیادہ 42 رَن بنائے۔ آسٹریلیا کے کپتان Pat Cummins نے پانچ وکٹ لئے۔ اِس سے قبل بھارت نے ٹاس جیت کر بلے بازی کرتے ہوئے، اپنی پہلی اننگز میں 180 رَن بنائے تھے۔ جواب میں آسٹریلیا نے اپنی پہلی اننگز میں 337 رَن اسکور کئے اور اِس طرح اُسے 157 رَن کی سبقت حاصل ہوگئی تھی۔

**HOCKEY ASIA CUP**

عمان کی راجدھانی مسقط میں جاری خواتین ہاکی کے جونیئر ایشیا کپ میں، بھارت آج اپنا پہلا میچ بنگلہ دیش سے کھیلے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔ بھارت کی خواتین جونیئر ٹیم کی کپتان جیوتی سنگھ، جبکہ نائب کپتان ساکشی رانا ہیں۔ اس ٹورنامنٹ میں کُل 10 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ گروپ-اے میں دفاعی چمپئن بھارت کے ساتھ چین، ملیشیا، تھائی لینڈ اور بنگلہ دیش ہیں، جبکہ گروپ-بی میں جنوبی کوریا، جاپان، چینی تائپی، ہانگ کانگ اور سری لنکا کی ٹیمیں ہیں۔ اس مقابلے میں سرفہرست رہنے والی 5 ٹیمیں FIH جونیئر ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائی کریں گی، جو اگلے برس Chile میں منعقد ہوگا۔ x

**SONOWAL**

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے کہا ہے کہ بھارت **2047** تک دنیا کے سرکردہ **10** سمندری ملکوں میں شامل ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک، بندرگاہوں میں باربرداری سے متعلق اپنی صلاحیت کو تیزی سے بڑھا رہا ہے اور جہازوں کی تعمیر اور مرمت کا ایک مضبوط ایکو نظام تشکیل دے رہا ہے۔ جناب سونووال کل چنئی میں **Kamarajar** پورٹ ٹرسٹ کی سِلور جوبلی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر موصوف نے **Kamarajar** بندرگاہ پر **545** کروڑ روپے کی لاگت سے کیپٹل ڈریجنگ، کمانڈ اور کنٹرول کے ایک مربوط سینٹر کے قیام کیلئے سنگِ بنیاد بھی رکھا۔ انہوں نے کہا کہ بندرگاہ نے مستقبل میں توسیع کے امکانات کے ساتھ کوئلے کی موثر ہینڈلنگ کو فروغ دے کر چنئی بندرگاہ کی بھیڑ بھاڑ کو کم کرنے کیلئے ایک اہم قدم اٹھایا ہے۔ ×

**RAJNATH RUSSIA**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج سے روس کا تین روزہ دورہ کر رہے ہیں۔ اپنے دورے کے دوران وزیر دفاع، ماسکو میں روس کے اپنے منصب **Andrey Belousov** کے ساتھ مشترکہ طور پر بھارت - روس بین سرکاری کمیشن کی **21**ویں میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اِس کمیشن کا تعلق فوجی تکنیکی تعاون اور فوجی اُمور سے ہے۔ دونوں رہنما بھارت اور روس کے درمیان دفاع کے شعبے میں کثیر جہتی تعلقات کے سبھی پہلوؤں کا جائزہ لیں گے، جن میں صنعتی تعاون کے علاوہ دونوں ملکوں کی فوجوں کے درمیان رابطے بھی شامل ہیں۔ بھارت اور روس کے وزرائے دفاع باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر تبادلۂ خیال بھی کریں گے۔ اپنے اِس دورے میں جناب راج ناتھ سنگھ بھارت کی بحریہ کے جدید ترین گائیڈڈ میزائل سے لیس چھوٹے بحری جنگی جہاز **INS Tushil** کو **Kaliningrad** میں **Yantra** شِپ یارڈ میں کل پانی میں اُتارنے کی رسم انجام دیں گے۔

---------------------------------------